# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 18 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج کسان سمان منصوبے کی 17ویں قسط تقسیم کریں گے؛ ملک بھر کے 50 منتخب زرعی ترقیاتی مراکز پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد؛ ہنگولی میں وزیرِ مملکت رکشا کھڑسے کی موجودگی میں پروگرام۔

☆ او بی سی ریزرویشن مظاہرین کے وفد کی آج ریاستی کابینہ کے ہمراہ میٹنگ۔

☆ ناگپور میں نشے میں دھت ڈرائیور نے سڑک پر محوِخواب نوافراد کو کچل دیا؛ دوافراد کی موت۔

☆ عیدالاضحیٰ کا تہوار ہر طرف عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا؛ جگہ جگہ نمازِ عید کی ادائیگی۔

اور۔۔۔☆ پولس محکمے کی خالی آسامیوں کو بھرنے کیلئے ریاست کے مختلف اضلاع میں کل سے پولس بھرتی کے عمل کا آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعظم نریندر مودی آج کسان سنمان منصوبے کے تحت 20 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ فنڈ کی 17ویں قسط تقسیم کریں گے۔ یہ رقم نو کروڑ 26 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں براہ راست جمع کی جائے گی۔ اس اسکیم کے تحت اب تک گیارہ کروڑ سے زیادہ اہل کسان خاندانوں کو تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کا فائدہ پہنچ چکا ہے۔ اتر پردیش کے وارانسی میں منعقد ہونے والے اسی پروگرام میں اپنی مدد آپ گروپوں کی 30 ہزار سے زیادہ خواتین کو وزیراعظم کے ہاتھوں زرعی سہیلی سرٹیفکیٹ بھی تفویض کیے جائیں گے۔

ملک بھر کے منتخب 50 زرعی ترقیاتی مراکز پر اس خصوص میں پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ ہنگولی ضلعے کے تونڈا پور کے زرعی سائنس مرکز میں نوجوانوں کی بہبود اور کھیلوں کی مرکزی وزیرِ مملکت رکشا کھڑسے کی موجودگی میں پروگرام منعقد ہوگا۔ زرعی سائنس مرکز کے چیئرمین شیواجی راؤ مانے، ڈاکٹر پی پی شیلکے نے اس تقریب کیلئے مکمل منصوبہ بندی کی ہے۔ شیلکے نے بتایا کہ وزیراعظم ہنگولی ضلع کے کچھ کسانوں سے براہ راست بات چیت بھی کریں گے۔

آئندہ 21 جون کو منائے جارہے بین الاقوامی یوگا دن کے موقع پر، وزیراعظم نریندر مودی نے کل سماجی رابطوں کے ذرائع پر بھدراسن کی معلومات پر مبنی ایک ویڈیو شیئر کیا۔

***** ***** *****

کانگریس قائد و رُکنِ پارلیمان راہل گاندھی کیرالہ کے وائناڑ انتخابی حلقہ سے استعفیٰ دیں گے، اور ان کی جگہ پارٹی کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا وائناڑ سے ضمنی انتخاب لڑیں گی۔ پارٹی صدر ملکارجن کھرگے کی موجودگی میں راہل گاندھی نے کل یہ اعلان کیا۔ راہل گاندھی نے حالیہ عام انتخابات میں وائناڑ اور رائے بریلی انتخابی حلقوں سے لوک سبھا الیکشن لڑا تھا اور دونوں حلقوں سے کامیاب ہوئے تھے۔

***** ***** *****

او بی سی ریز رویشن پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کے مطالبہ کو لیکر جالنہ ضلع کے وڑی گودری میں بھوک ہڑتال کرنے والے مظاہرین کا پانچ رکنی وفد آج ریاستی کابینہ کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے اس موضوع پر گفت وشنید کرے گا۔

دریں اثنا، ریاستی حکومت کے ایک وفد نے کل صبح ان مظاہرین سے ملاقات کی اور ان سے بھوک ہڑتال ختم کرنے کی اپیل کی۔ اس موقع پر بھوک ہڑتال کرنے والے لکشمن ہاکے اور نوناتھ واگھمارے نے او بی سی ریز رویشن متاثر نہ ہونے دینے سے متعلق حکومت سے تحریری یقین دہانی کرانے کا مطالبہ کیا۔ ریاستی وزیر زراعت دھننجے منڈے اور بی جے پی رہنما پنکجا منڈے نے کل مظاہرین سے ملاقات کی۔ پنکجا منڈے نے محروم طبقات کے مطالبات کی یکسوئی کیلئے بھوک ہڑتال کرنے والوں کے ساتھ کھڑے رہنے کی یقین دہانی بھی کروائی۔

***** ***** *****

ناگپور شہر میں نشے میں دھت ڈرائیور نے لاپرواہی سے گاڑی چلاتے ہوئے فٹ پاتھ پر سوئے ہوئے نو افراد کو کچل دیا' اس حادثے میں دو خواتین کی موت ہوگئی جبکہ دیگر سات افراد زخمی ہو گئے۔ گذشتہ اتوار کی نصف شب کے بعد یہ حادثہ پیش آیا۔ پولس نے اس معاملے میں طبّی تعلیم حاصل کر رہے چھ نوجوانوں کو حراست میں لیا ہے، گرفتار شدہ سبھی نوجوان شراب کے نشے میں ہونے کی اطلاع پولس نے دی ہے۔

***** ***** *****

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کل شام مغربی بنگال کے دار جلنگ ضلع میں ہوئے ٹرین حادثے کے جائے وقوعہ کا دورہ کیا، اور اسپتال میں زیرِ علاج زخمیوں کی مزاج پُرسی کی۔ ریلوے وزیر نے حادثے کے مہلوکین کے اہلِ خانہ کو 10 لاکھ روپے اور شدید زخمیوں کو ڈھائی لاکھ روپے کی امداد فراہمی کا اعلان بھی کیا۔

اس حادثے کے پیشِ نظر شمال مشرقی سمت پر چلنے والی کچھ ریلوے گاڑیاں فی الحال منسوخ کر دی گئی ہیں۔ کل صبح ہوئے اس حادثے میں 9 مسافر ہلاک اور 50 سے زائد زخمی ہو گئے تھے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس سانحہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے مہلوکین کے افراد خاندان کیلئے 2 لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

18 ویں ممبئی بین الاقوامی فلم فیسٹیول یعنی مِف کے کل تیسرے دن گذشتہ برسوں کے دوران برلن بین الاقوامی فلم فیسٹیول کیلئے منتخب مختصر ہندوستانی فلمیں، دستاویزی فلمیں اور اینیمیشن فلمیں دکھائی گئیں۔ دستاویزی فلم ''گمنام دن'' کی ڈائریکٹرا یکتا متل نے کل میڈیا سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ اس دستاویزی فلم میں روزگار کی تلاش میں بنگلور آنے والے مہاجر مزدوروں کی کہانی بیان کی گئی ہے۔ ایکتا متل نے اس دستاویزی فلم کی تیاری، سرمایہ کاری اور اس سے حاصل ہونے والے اسباق بھی وضاحت کے ساتھ بیان کیے۔

***** ***** *****

عیدالاضحیٰ کا تہوار کل ہر طرف عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ عیدگاہوں سمیت مساجد میں نمازِ عید کی ادائیگی کے ساتھ قربانی اور دیگر مذہبی اجتماعات منعقد ہوئے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں تین مقامات پر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے قائم کیے گئے عارضی مذبح خانوں میں کل تقریباً ایک سو بھینسوں اور دُنبوں کی قربانی دیئے جانے کی اطلاع میونسپل کارپوریشن کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں دی گئی ہے۔

***** ***** *****

لاتور شہر اور ضلع میں بھی عید قرباں روایتی جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی۔ لاتور شہر کے عیدگاہ میدان میں بندگانِ توحید نے اجتماعی نماز ادا کی اور عالمی امن کیلئے اجتماعی دعا کی گئی۔

***** ***** *****

جالنہ شہر سمیت ضلع بھر میں بقرعید کا تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ جالنہ شہر کی قدیم عیدگاہ میں برادرانِ اسلام نے اجتماعی نماز ادا کی اور امن وسلامتی کی دعائیں کرنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے رابطہ وزیر دھننجے منڈے نے تیقن دیا ہے کہ بیڑ ضلعے کی ہمہ گیر ترقی کیلئے سب کے تعاون سے ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے فنڈ کی مناسب منصوبہ بندی کی جائے گی۔ وہ گزشتہ روز بیڑ میں ضلعی منصوبہ بندی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں مالی سال 2023۔24 کے فنڈز کے اخراجات کو متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔ دریں اثنا، مالی سال 2024۔25 کیلئے تقریباً 545 کروڑ 49 لاکھ روپے کا فنڈ منظور کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف اضلاع کے پولس محکمے کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کیلئے بھرتی کا عمل کل سے شروع ہورہا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں تقریباً ساڑھے سات سو آسامیاں، پربھنی میں 141 اور جالنہ پولس محکمہ میں کانسٹیبل کی 102 اور ڈرائیور کی 23 آسامیوں کیلئے یہ بھرتی کا عمل کیا جائے گا۔ پولس سپرنٹنڈنٹ اجے کمار بنسل نے امیدواروں سے اس بھرتی کے دوران کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی کا شکار نہ ہونے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

گیان رادھا ملٹی اسٹیٹ امدادِ باہمی بینک کے ڈائریکٹر سنجے کوٹے اور دیگر پانچ افراد کے خلاف جالنہ ضلعے کے عنبڑ پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ عنبڑ شہر اور تعلقہ کے 125 کھاتے داروں کو تقریباً 70 تا 80 کروڑ روپے کے معیادی ڈپازٹ واپس نہ کرتے ہوئے کھاتے داروں کو دھوکہ دینے کی شکایت لکشمن ساونت نے کی تھی، جس پر گیان رادھا ملٹی اسٹیٹ بینک کیخلاف یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع میں اتوار کی درمیانی شب تین تحصیل ڈویژنوں میں زوردار بارش ہوئی۔ اس دوران وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے پمپل گڑھ نالے پر موجود پل پانی میں بہہ گیا۔ سب سے زیادہ بارش سون پیٹھ تعلقہ میں درج کی گئی۔

ناندیڑ ضلع میں بھی کئی مقامات پر موسلا دھار بارش ہوئی۔ بلولی تعلقہ کے ہنگنی میں بجلی گرنے سے آنندرا ہاٹے نامی کسان کی موت ہوگئی۔

***** ***** *****

لاتور پولس نے غیر قانونی پستول رکھنے والے ایک نوجوان کو گرفتار کرلیا۔ اس کے پاس سے پستول کے ساتھ دو زندہ کارتوس اور ایک میگزین برآمد کی گئی ہے۔ نوجوان کا نام مہیش کلکرنی بتایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں اوسہ تعلقے کے بھادا پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ مذکورہ ملزم کو ایک مقدمے میں عمر قید کی سزا ہوچکی ہے اور فی الحال وہ ضمانت پر رِہا کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج کسان سمان منصوبے کی 17ویں قسط تقسیم کریں گے؛ ملک بھر کے 50 منتخب زرعی ترقیاتی مراکز پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد؛ ہنگولی میں وزیرِ مملکت رکشا کھڑسے کی موجودگی میں پروگرام۔

☆ او بی سی ریزرویشن مظاہرین کے وفد کی آج ریاستی کابینہ کے ہمراہ میٹنگ۔

☆ ناگپور میں نشے میں دھت ڈرائیور نے سڑک پر محوِ خواب نو افراد کو کچل دیا؛ دو افراد کی موت۔

☆ عیدالاضحیٰ کا تہوار ہر طرف عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا؛ جگہ جگہ نمازِ عید کی ادائیگی۔

اور۔۔۔☆ پولس محکمے کی خالی آسامیوں کو بھرنے کیلئے ریاست کے مختلف اضلاع میں کل سے پولس بھرتی کے عمل کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****